Complete 68 Pages

5 Pillars of Islam
Activity Book

# اِسلام کے 5 ستون

پڑھیں | رنگ بھریں | کھیلیں | سیکھیں



(5 سے 12 سال کے بچوں کیلئے)

عبدالستار منہاجین

# 5 Pillars of Islam

# اِسلام کے 5 ستون

پڑھیں | رنگ بھریں | کھیلیں | سیکھیں

(5 سے 12 سال کے بچوں کیلئے)



جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ ہیں۔


| | | |
|---|---|---|
| تصنیف | : | عبدالستار منہاجین |
| ناشر | : | بک پیلس پبلشرز لاہور |
| مطبع | : | منہاج القرآن پرنٹرز |
| اشاعت نمبر 1 | : | جون 2024ء |
| تعداد | : | 1100 |
| قیمت | : | 400روپے |

ISBN 978-1-913553-98-2


## تعارف

اِس کتاب کی مدد سے آپ کا بچہ چھوٹی عمر میں ہی شہادتِ توحید و رسالت، نماز، زکوٰۃ، روزہ اور حج کے بارے میں جان پائے گا۔ ایسا دلچسپ انداز اپنایا گیا ہے کہ

- بچے رنگ بھرنے اور کھیلنے کے ساتھ ساتھ پڑھتے بھی جائیں گے۔
- پڑھنے کا شوق نہ رکھنے والے بچے بھی سوالوں کے جواب تلاش کرنے کیلئے پڑھنے لگیں گے۔
- بچوں کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کیلئے آخری صفحہ پر نئے الفاظ کے معانی بھی دیئے گئے ہیں۔
- چھوٹے بچوں کے والدین یا بڑے بہن بھائی سرگرمی اور مطالعہ کے دوران اُن کی مدد کریں تو وہ بہت جلد سیکھ پائیں گے۔

نوٹ: اگر کسی لفظ کا معنیٰ معلوم نہ ہو تو آخری صفحہ دیکھیں۔

www.KamyabZindagi.com

WhatsApp 0327-181-7794

# میرا تعارف

خالی جگہ پر کریں. خوبصورت سے رنگ بھریں۔

میرا نام................ ہے۔

میرا گھر................ میں ہے۔



# اللہ تعالیٰ کا تعارف

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## اللہ کون ہے؟

اللہ ہمارا بہترین دوست ہے۔

اللہ ہمارے دل میں ہے اور وہ ہماری ہر بات سنتا ہے۔



# اللہ تعالیٰ کا تعارف

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

اللہ ہمارا خالق ہے۔

ہم سب اُس کی مخلوق ہیں۔



اللہ ہمارا مالک ہے۔

ہم سب اُس کے بندے ہیں۔

# خالق کون ہوتا ہے؟

سوالوں کے جواب لکھیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## ہمارے کپڑے کون سلائی کرتا ہے؟



درزی

## ہمارے جوتے کون بناتا ہے؟



موچی

# ہمارا خالق کون ہے؟

سوالوں کے جواب لکھیں اور زبانی یاد کریں۔

## ہر شے کسی نے بنائی ہے تو دنیا بھی کسی نے بنائی ہو گی!

- زمین، آسمان، سورج، چاند، ستارے کس نے بنائے؟

- دن، رات، سردی، گرمی، پہاڑ، سمندر کس نے بنائے؟

## اللہ کو کس نے بنایا؟

اللہ ہمیشہ سے ہے، اُسی نے سب کچھ بنایا۔

اُسے کسی نے نہیں بنایا۔

# ہمارے نبی کون ہیں؟

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔





اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت
ایمان کو پختہ کرتی ہے۔

# قرآنِ مجید کیا ہے؟

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## قرآنِ مجید اللہ کی آخری کتاب ہے۔



- قرآنِ مجید انسانیت کیلئے کتابِ ہدایت ہے۔
- قرآنِ مجید میں قیامت تک کیلئے رہنمائی موجود ہے۔
- ہمیں قرآن مجید کو روزانہ ترجمہ کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔

# ہمارا دین کیا ہے؟

سوالوں کے جواب لکھیں اور زبانی یاد کریں۔

ہمارا دین کیا ہے؟

اِسلام

ہم کون ہیں؟

مسلمان

ہمیں کس نے پیدا کیا؟

اللہ نے

ہم کس کی عبادت کرتے ہیں؟

اللہ کی

# اِسلام کیا ہے؟

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

❀ دینِ اِسلام اللہ کا آخری پیغام ہے۔



❀ اِسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

❀ اِسلام ہر شعبۂ زندگی میں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

# اِسلام کے بنیادی ستون

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## اِسلام کے پانچ بنیادی ستون ہیں۔



1. شہادت توحید و رسالت
2. نماز
3. زکوٰۃ
4. روزہ
5. حج



# سرگرمی

سوال کا جواب دیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



## کیا آپ نے آج قرآنِ مجید کی تلاوت کی؟

جی ہاں

جی نہیں

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور اس میں خوبصورت سے رنگ بھریں۔





# راستہ تلاش کریں

تتلی کو پھول تک پہنچنے میں مدد کریں اور رنگ بھریں۔



# پہلا ستون

خوبصورت سے رنگ بھریں۔

# شہادتِ توحید ورِسالت



## پہلا ستون: شہادتِ توحید و رِسالت

اسے زبانی یاد کر کے سنائیں۔

# اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

# وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

# عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

”میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔“

# پہلا ستون: شہادتِ توحید و رِسالت

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



## صرف اللہ کی بندگی

## دُنیاداروں کی غلامی کا خاتمہ



## صرف اللہ کی محتاجی

## دُنیاداروں سے توقعات کا خاتمہ

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور اس میں خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# راستہ تلاش کریں

بچے کو چاند ستارے تک پہنچنے میں مدد کریں اور رنگ بھریں۔





# دوسرا استون

خوبصورت سے رنگ بھریں۔

# نماز



# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## نمازوں کے نام اور اوقات


فجر — طلوعِ آفتاب سے پہلے


ظہر — دوپہر کے وقت


عصر — سہ پہر کے وقت


مغرب — غروبِ آفتاب کے فوری بعد


عشاء — رات کے وقت



# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کر کے سنائیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## وضو کا طریقہ

- سب سے پہلے بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم پڑھیں۔



- تین بار دونوں ہاتھ کلائی تک دھوئیں۔
- تین بار کلی کریں۔
- تین بار ناک میں پانی چڑھا کر صاف کریں۔
- تین بار منہ اچھی طرح دھوئیں۔
- تین بار دونوں بازو کہنیوں سمیت دھوئیں۔
- ایک بار پورے سر کا مسح کریں۔
- ایک بار کانوں اور گردن کا مسح کریں۔
- تین بار دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئیں۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## وضو کے فرائض

1



پورا منہ دھونا

2



دونوں بازو کہنیوں سمیت دھونا

3



چوتھائی سر کا مسح کرنا

4



دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا

# دوسرا استون: نماز

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## وضو کے فائدے



- جسمانی پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔
- صاف ستھرا رہنے کی ترغیب ملتی ہے۔
- منہ اور ناک کی صفائی سے سانس میں تازگی آتی ہے۔
- وضو سے روحانی پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔
- نیکی کی طرف رغبت اور گناہوں سے چھٹکارا ملتا ہے۔
- باقاعدگی کے ساتھ وضو کرنے والا بہت سی جسمانی و روحانی بیماریوں سے بچ جاتا ہے۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کر کے سنائیں۔

## نماز کا طریقہ

- باوضو ہو کر قبلہ رُو کھڑے ہوں۔
- سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری کا تصور کریں۔
- نماز کی نیت کریں۔



- تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو کانوں کے برابر اٹھائیں اور پھر دونوں ہاتھوں کو ادب سے ناف پر باندھ لیں۔

### ثناء

سُبۡحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ، وَتَبَارَکَ اسۡمُکَ، وَتَعَالٰی جَدُّکَ، وَلَاۤ اِلٰہَ غَیۡرُکَ۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کرکے سنائیں۔

## تعوذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

## تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## سورۂ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

## سورۂ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کر کے سنائیں۔

❀ رکوع کیلئے جھکیں اور یہ تسبیح پڑھیں:



سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ۔

❀ رکوع سے اٹھتے وقت پڑھیں

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ۔

❀ رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہو کر پڑھیں

رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ۔

❀ سجدہ کیلئے جھکیں اور یہ تسبیح پڑھیں



سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰی۔

❀ جلسہ کیلئے بیٹھیں اور پھر دُوسرا سجدہ کریں۔

❀ دوسرے سجدے سے اُٹھ کر کھڑے ہو جائیں اور دوسری رکعت کو بھی اِسی طرح مکمل کریں۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کر کے سنائیں۔

❀ دوسری رکعت کے بعد سجدے کر کے تشہد کیلئے بیٹھیں۔

## تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

## درودِ ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کر کے سنائیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## دعاءِ ماثورہ

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ

❀ نماز ختم کرنے کیلئے پہلے دائیں اور پھر بائیں طرف منہ کر کے اپنے کندھوں کو دیکھتے ہوئے سلام کہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ






# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## نماز کے فائدے



- نماز سے روح کو اطمینان اور سکون ملتا ہے۔
- نماز سے دل میں عاجزی کا اِحساس پیدا ہوتا ہے۔
- نماز ہمیں اللہ تعالیٰ کے قریب لاتی ہے۔
- نماز ہمیں فحش کاری اور گناہوں سے بچاتی ہے۔
- نماز ہمیں حلال تک محدود رہنے میں مدد کرتی ہے۔

# دوسرا ستون: نماز

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## مسجد



- مسلمان مسجد میں باجماعت نماز ادا کرتے ہیں۔
- باجماعت نماز سے 27 نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔
- باجماعت نماز سے ہمیں مساوات کا درس ملتا ہے۔

# دوسرا ستون: نماز

سوال کا جواب دیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## مسلمانوں پر دن میں کتنی نمازیں فرض ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| 3 | 5 | 7 |



# سرگرمی

سوال کا جواب دیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



## کیا آج آپ نے ساری نمازیں ادا کیں؟

جی ہاں

جی نہیں

# حروف ملا کر الفاظ بنائیں

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پ | پ | م | ح | م | د | ع | پ |
| ر | پ | ا | ج | پ | ی | ص | ت |
| م | ق | س | ت | و | ن | ر | و |
| ض | ر | ل | پ | پ | ش | ا | ح |
| ا | آ | ا | ل | ل | ہ | ع | ی |
| ن | ن | م | ا | ز | ا | ت | د |
| و | پ | م | س | ج | د | ک | ز |
| ض | ر | س | ا | ل | ت | ا | ک |
| و | پ | ج | ف | ج | ر | ف | و |
| ل | ح | د | ر | و | ز | ہ | ۃ |

اللّٰہ محمد دین اِسلام قرآن شہادت توحید

رسالت وضو نماز فجر عصر مسجد زکوٰۃ

روزہ رمضان اِعتکاف حج ستون لحد

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور اس میں خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# راستہ تلاش کریں

بچے کو مسجد تک پہنچنے میں مدد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# تیسرا استون

خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## زکوٰۃ



# تیسرا ستون: زکوٰۃ

اسے زبانی یاد کریں۔

## زکوٰۃ کیا ہے؟

❀ زکوٰۃ ایک مقدّس عطیہ ہے، جو ہر صاحبِ اِستطاعت مسلمان پر سال میں ایک بار فرض ہے۔

❀ مسلمان اپنی دولت کو پاک کرنے کیلئے اُس کا کچھ حصہ ضرورت مندوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

❀ زکوٰۃ سے مسلم معاشرے کے غریب لوگ اپنی بنیادی ضروریات پوری کر پاتے ہیں اور اِس سے اُن میں اِحساسِ محرومی کا خاتمہ ہوتا ہے۔

# تیسرا ستون: زکوٰۃ

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## زکوٰۃ کس پر کتنی فرض ہے؟



- ہر عاقل بالغ مسلمان جس کے پاس کم از کم 7.5 تولے سونے یا 52.5 تولے چاندی کے برابر دولت سارا سال موجود رہے۔
- اپنی بچی ہوئی دولت میں سے 2.5 فیصد مال غریبوں میں تقسیم کرنا زکوٰۃ کہلاتا ہے۔
- زکوٰۃ کے علاوہ ہمیں نفلی صدقات کے ذریعے بھی ضرورت مندوں کی مدد کرتے رہنا چاہئے۔

# تیسرا ستون: زکوٰۃ

اسے زبانی یاد کریں۔

## زکوٰۃ کے فائدے

- مال کی محبت کا خاتمہ
- خواہشات کی قربانی
- جذبۂ اِیثار و خیر خواہی
- غربت کا خاتمہ



لوگوں کو بھکاری نہ بنائیں

بلکہ اُن کیلئے مناسب روزگار کا اِنتظام کریں۔

# سرگرمی

سوال کا جواب دیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



## کیا آج آپ نے کسی کی مدد کی؟

جی ہاں

جی نہیں

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور اس میں خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# راستہ تلاش کریں

بچے کو گھر تک پہنچنے میں مدد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# چوتھا ستون

خوبصورت سے رنگ بھریں۔

# روزہ





# چوتھاستون: روزہ

اسے زبانی یاد کریں۔



## روزہ کیا ہے؟

- روزے کو عربی میں ''صوم'' کہتے ہیں۔
جس کا معنیٰ رُکے رہنا ہے۔

- نمازِ فجر کا وقت شروع ہونے سے لے کر نمازِ مغرب کا وقت شروع ہونے تک کھانے پینے اور نفسانی خواہشات سے رُکے رہنے کو ''روزہ'' کہتے ہیں۔

- مسلمان ہر سال رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں 29 یا 30 روزے رکھتے ہیں۔

# چوتھا ستون: روزہ

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## روزے کا مقصد

## تقویٰ کا حصول

(یعنی نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی عادت پیدا کرنا)



# چوتھا ستون: روزہ

اسے زبانی یاد کریں۔

## روزے کے فائدے

### ❀ جسمانی صحت

سال بھر کام کرنے والے معدے کو آرام ملتا ہے، جس کے نتیجے میں ہمیں جسمانی صحت میسر آتی ہے۔

### ❀ روحانی صحت

رمضان المبارک کے بابرکت ماحول میں اللہ رب العزت کی عبادات سے روحانی صحت میسر آتی ہے۔

### ❀ جذبۂ خیر خواہی

روزے سے ہمارے دل میں غریبوں اور ضرورت مندوں کیلئے ہمدردی اور خیر خواہی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

# چوتھا ستون: روزہ

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## کم خوری کی برکتیں



❀ سحری و افطاری کے دوران خوب ٹھونس ٹھونس کر کھانے سے روزے کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔



❀ ہمیں چاہئے کہ سحری و افطاری کے دوران زیادہ کھانا نہ کھائیں، ورنہ روزے کا نور ختم ہو جاتا ہے۔

# چوتھا ستون: روزہ

اسے زبانی یاد کر کے سنائیں۔

## سحری کی دعا

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

”میں نے کل کے روزے کی نیت کی“

## افطاری کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

”یااللہ! میں نے تیرے لئے روزہ رکھا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ پر ہی بھروسا کیا اور تیرے دیئے ہوئے رِزق سے اِفطار کیا۔“

# چوتھا ستون: روزہ

اسے یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## اِعتکاف



کچھ مسلمان یکسوئی کے ساتھ عبادات کرنے کی نیت سے رمضان المبارک کے آخری عشرے میں (سارا دن اور ساری رات) مسجدوں میں اِعتکاف کرتے ہیں۔

# سرگرمی

سوالوں کے جواب دیں۔

مسلمان سال بھر میں کتنے روزے رکھتے ہیں؟

روزے کس مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

رمضان المبارک میں کتنے عشرے ہوتے ہیں؟

مسلمان اِعتکاف کب کرتے ہیں؟

آپ نے اِس سال کتنے روزے رکھے؟

روزہ کھولنے کیلئے کیا کھانا سنت ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| پکوڑے | کھجور | برگر |

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور اس میں خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# راستہ تلاش کریں

بچوں کو افطاری کرنے میں مدد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# پانچواں ستون

خوبصورت سے رنگ بھریں۔

# حج



# پانچواں ستون: حج

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## حج کیا ہے؟

❀ حج ایک مقدّس سفر ہے، جو ہر صاحبِ اِستطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک بار فرض ہے۔



❀ مسلمان اِسلامی کیلنڈر کے آخری مہینے ذوالحجہ کی 8 سے 12 تاریخ کو مکہ مکرمہ میں مناسکِ حج ادا کرتے ہیں۔

❀ حج کے دوران کی جانے والی عبادات کو مناسکِ حج کہا جاتا ہے۔

# پانچواں ستون: حج

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## حج کی ترتیب



# پانچواں ستون: حج

اسے زبانی یاد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔

## حج کا مقصد

اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور نیک بندوں کی پیروی اور اُن کے مقامات کی زیارت

## حج کے فائدے

- دنیا کے مختلف خطوں کے مسلمانوں سے ملاقات
- ایک دوسرے کے دینی و دنیاوی کام آنا
- بین الاقوامی بھائی چارہ
- اِتحادِ اُمت





# سرگرمی

سوالوں کے جواب دیں۔

مسلمان حج کیلئے کس مقدّس شہر جاتے ہیں؟

مسلمان حج کس اسلامی مہینے میں کرتے ہیں؟

حج کے دوران عبادات کو کیا کہتے ہیں؟

حج زندگی میں کتنی بار فرض ہے؟

کیا آپ حج کی خواہش رکھتے ہیں؟

جی ہاں

جی نہیں

# نقطے ملائیں. تصویر بنائیں. رنگ بھریں

نقطے ملا کر تصویر بنائیں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔






# راستہ تلاش کریں

حاجی کو خانہ کعبہ تک پہنچنے میں مدد کریں اور خوبصورت سے رنگ بھریں۔



# کامیاب زندگی

## دورِ نوبلوغت کے سوالات

"کامیاب زندگی" اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے۔ دورِ نوبلوغت (TEENAGE) کے سوالات پر مبنی اِس کتاب میں محترم عبدالستار منہاجین نے فکری و نظریاتی اِصلاح اور اِسلامی عقائد میں پختگی کیلئے اِنتہائی آسان انداز میں سائنسی و عقلی دلائل کے ساتھ مستشرقین کے اِعتراضات اور غلط فہمیوں کا اِزالہ پیش کیا ہے۔ یہ کتاب زندگی اور موت کے بارے میں بنیادی تصورات یوں واضح کرتی ہے کہ قاری نئی دنیا میں کھو جاتا ہے۔ بالخصوص پہلے باب کا ایک ہی نشست میں مکمل مطالعہ کرنے والے قارئین اِس کتاب کے سحر سے نہیں نکل پاتے۔ اِس کتاب کے مطالعہ سے قرآن مجید کو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کی ترغیب ملتی ہے۔ زبانی یاد کرنے کیلئے چھوٹی چھوٹی سیکڑوں آیات واحادیث بھی دی گئی ہیں۔ جسمانی پاکیزگی کیلئے وضو اور غسل جیسے بنیادی فقہی اَحکام کے ساتھ ساتھ روحانی پاکیزگی کیلئے ایمان اور اَخلاق و آداب سے متعلقہ ابواب میں بچوں کیلئے بہترین تربیتی مواد موجود ہے۔

نسلِ نَو کو اَخلاقی بے راہروی سے بچانے کیلئے اِسلامی تعلیمات کی روشنی میں ضروری تعلیم اور بچوں کو اِستحصال سے بچانے کیلئے عملی تربیت پر مشتمل مواد اس کتاب کا خاص حصہ ہے۔ آخری باب میں بچوں کی دلچسپی کیلئے سبق آموز قرآنی واقعات بھی پیش کئے گئے ہیں۔

ڈاکٹر محمد فاروق رانا

ڈائریکٹر فرید ملت رحمۃ اللہ علیہ ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

**WhatsApp 0327-181-7794**

# 63 آداب زندگی

## کامیاب زندگی کیلئے بہترین لائحہ عمل

محترم عبدالستار منہاجین نے "63 آدابِ زندگی" کے نام سے ایک جامع کتاب لکھی ہے۔ کتاب کے چیدہ چیدہ مقامات پر نظر ڈالنے سے محسوس ہوتا ہے کہ فاضل مصنف نے اِس کتاب میں اِنفرادی و معاشرتی زندگی کے کم و بیش تمام پہلوؤں سے متعلق آداب کو یکجا کر دیا ہے۔ اِس موضوع پر معدودے چند کتابیں دستیاب ہیں، جو پچھلی صدی میں لکھی گئی تھیں۔ اِس کتاب میں دورِ جدید میں پیش آنے والے معاملات سے متعلقہ آداب بھی شامل ہیں جو اِس موضوع پر لکھی گئی دیگر کتب میں دیکھنے کو نہیں ملتے۔ موجودہ سوشل میڈیا کے دَور میں ایسی کتاب کی ضرورت تھی جو نئی نسل کو اچھے اَخلاق و کردار کی طرف رَہنمائی فراہم کر سکے۔ ہمارے معاشرے میں بچوں کی تربیت سے متعلقہ لٹریچر کی کمی ہے، فاضل مصنف نے اِس کمی کو پورا کرنے کی سعی کی ہے۔ یہ کتاب آسان اَلفاظ میں لکھی گئی ہے کہ بچے خود پڑھ کر سمجھ سکتے ہیں۔ والدین اپنے بچوں کو پڑھانے سے پہلے خود پڑھیں اور اپنی شخصیت میں وہ تبدیلی لائیں تاکہ بچے والدین سے متاثر ہو کر خود کو تبدیل کرنے پر آمادہ ہوں۔

اَللہ ربّ العزت سے دُعا ہے کہ محترم عبدالستار منہاجین کی اِس خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اُنہیں خصوصی برکات سے نوازے۔


پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری

صدر منہاج القرآن انٹرنیشنل

WhatsApp 0327-181-7794

# ذخیرۂ الفاظ

ان الفاظ کے معانی یاد کر کے سنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| خالق | : | پیدا کرنے والا |
| پختہ | : | مضبوط |
| ضابطۂ حیات | : | زندگی گزارنے کا طریقہ |
| شہادت | : | گواہی |
| توقعات | : | اُمیدیں |
| رغبت | : | شوق |
| چھٹکارا | : | نجات |
| دُعاءِ ماثورہ | : | قرآن و حدیث میں آنے والی دعا |
| فحش کاری | : | برا کام، گناہ والا عمل |
| مساوات | : | برابری |
| مقدّس | : | مبارک، برکت والا |
| عطیہ | : | تحفہ |
| صاحبِ اِستطاعت | : | ایسا شخص جو کچھ کر سکنے کے قابل ہو |
| اِحساسِ محرومی | : | اپنی غریبی کا خیال |
| اِیثار | : | دوسروں کو خود پر ترجیح دینا |
| خیر خواہی | : | بھلائی چاہنا |
| مناسکِ حج | : | حج کے دوران کی جانے والی عبادات |

# IN THIS BOOK

**Your child will learn:**

1. Who is Allah?
2. Who is called a creator?
3. Who is our creator?
4. Who created Allah?
5. Who is our Prophet?
6. What is the Quran?
7. What is our Din?
8. Whom do we worship?
9. What is our religion?
10. Who are we?
11. Who created us?
12. What is Islam?
13. What are the 5 Pillars of Islam?
14. What is Shahadah?
15. What lessons do we learn from Shahadah?
16. How to do Wudu?
17. What are the benefits of Wudu?
18. What is Salat?
19. What are Salat times?
20. How to pray Salat?
21. What are the benefits of Salat?
22. Why do Muslims build Mosques?
23. What is Zakat?
24. Upon Whom is Zakat Obligatory?
25. How Much is Zakat Obligatory?
26. What are the benefits of Zakat?
27. What is Sawm?
28. What is the purpose of Sawm?
29. What are the benefits of Sawm?
30. What are the benefits of moderation in eating?
31. What is Itikaf?
32. What is Hajj?
33. What are the steps of Hajj?
34. What is the purpose of Hajj?
35. What are the benefits of Hajj?

**Activities:**



- 50+ Fill Color Drawings
- 6 Dot to Dot Puzzles
- 6 Find Path Mazes
- 6 Word Search Puzzles

ISBN 978-1-913553-99-9

90000 >

9 781913 553999

www.kamyabzindagi.com 0327-1817794

# بچوں کی بہترین تربیت کیلئے دلچسپ کہانیاں































**SPECIAL OFFER**

عبدالستار منہاجین کے قلم سے لکھی ہوئی کہانیاں
حاصل کرنے کیلئے وٹس ایپ پر رابطہ کریں۔

PDF

www.kamyabzindagi.com 0327-1817794

# بچوں کی بہترین تربیت کیلئے عبدالستار منہاجین کی کتابوں کا پیکیج




## کامیاب زندگی دورِ نوبلوغت کے سوالات

اگر آپ کا بچہ ہر معاملے میں بحث و تکرار کرتا ہے اور کسی کی نہیں مانتا... اگر وہ اپنے اساتذہ کو بھی لاجواب کر دیتا ہے... اگر وہ تجسس پسند ہے اور بری صحبت میں بگڑ جانے کا خدشہ ہے تو یہ کتاب اُسی کیلئے ہے۔




## 63 آدابِ زندگی کامیاب زندگی کیلئے بہترین لائحہ عمل

بچوں کی تعلیم پر لاکھوں روپے خرچ کرنے والے والدین اکثر یہ شکوہ کرتے ہیں کہ بچے اُن کا ادب نہیں کرتے۔

بچوں کی تربیت کیلئے اِس کتاب کو نصاب میں شامل کیا جائے تو یہ شکوہ ختم ہو سکتا ہے۔




## اِسلام کے 5 ستون 5 سے 12 سال کے بچوں کیلئے

رنگ بھرنے، نقطے ملانے اور راستہ تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ بچے کھیل ہی کھیل میں اِسلام کی بنیادی تعلیم حاصل کر لیں گے۔ پڑھنے کا شوق نہ رکھنے والے بچے بھی کھیلتے کھیلتے سوالوں کے جواب تلاش کرنے کیلئے پڑھنے لگیں گے۔

گھر بیٹھے بذریعہ ڈاک حاصل کریں۔

www.kamyabzindagi.com 0327-1817794

# بچوں کی بہترین تربیت کیلئے عبد الستار منہاجین کی کتابوں کا پیکیج




400روپے




1200روپے




1500روپے

SPECIAL OFFER

~~3100روپے~~

تینوں کتابوں کا سیٹ

صرف 2500روپے ایڈوانس میں

گھر بیٹھے بذریعہ ڈاک حاصل کریں۔

کیش آن ڈیلیوری: 2675روپے

ابھی رابطہ کیجئے 0327-1817794

www.kamyabzindagi.com